بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر ص ا ب /س/۲/۱/۲۰۱۳ مورخہ ۲۴/جنوری ۲۰۱۷

بخدمت جناب چیف سیکرٹری، حکومت بلوچستان، کوئٹہ

عنوان: **مشترکہ قرارداد۔**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ ۱۳/جنوری ۲۰۱۷ میں مشترکہ قرارداد نمبر ۱۲۰ منجانب، سردار صالح محمد بھوتانی، جناب نصراللہ زیرے، جناب منظور احمد خان کاکڑ اور جناب عبدالماجد ابڑو، اراکین اسمبلی، بمراد اطلاع ضروری کارروائی ارسال خدمت ہے۔

مشترکہ قرارداد نمبر ۱۲۰

ہرگاہ کہ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ ایک دور تھا کہ پاکستان انٹرنیشنل ایرلائیز کا شمار دُنیا کے بہترین ایئرلائنز میں ہوتا تھا اور پی آئی اے مشرق وسطیٰ کی ایئرلائنز کو فنی مہارت وتربیت فراہم کرتا تھا لیکن بدقسمتی سے اب پی آئی اے کی حالت اِنتہائی خستہ ومایوس کن ہے یہی وجہ ہے کہ لوگ پی آئی اے میں سفر کرتے ہوئے کتراتے ہیں جسکی واضح مثال حال ہی میں چترال سے اسلام آباد آنے والے طیارے کا مس منیجمنٹ کی وجہ سے کریش ہونا ہے جسکے نتیجہ میں ۴۸ قیمتی جانوں کا ضیاع ہونا ہے۔ جبکہ دوسری جانب اس کے کرایہ جات وٹیکسز میں غیرضروری اضافہ کے باعث ٹکٹ کی اصل رقم میں بے انتہاء اضافہ ہوجاتا ہے۔ نیز ٹکٹ کی تبدیلی ومنسوخی پر مبلغ پندرہ سو روپے پر اضافی چارجز عائد کیئے جاتے ہیں جو کہ بہت زیادہ ہیں۔ اور عام آدمی خصوصاً مریضوں کی دسترس سے باہر ہے۔

لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے۔ کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے۔ کہ پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن کے کرایے مناسب سطح پر لائے جائیں اور خستہ حال طیاروں کے استعمال پر پابندی عائد کرنے کے ساتھ ساتھ ٹکٹ کی منسوخی پر عائد چارجز کی شرط کو ختم کرے۔ اور حکومت کوئٹہ کیلئے دیگر ایئرلائنز کی آپریشن کا اہتمام کرے تاکہ عوام کو ہوائی سفر کی زیادہ اور بہتر سہولت میسر آسکیں

(رحمت اللہ خٹک)
معتمد،

نقل برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) بخدمت جناب سردار صالح محمد بھوتانی، جناب نصراللہ زیرے، جناب منظور احمد خان کاکڑ اور جناب عبدالماجد ابڑو، محرکین قرارداد۔
۲) جناب سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۳) جناب سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔
۴) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم پاکستان، وزیراعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۵) جناب ڈی۔ جی (لاء) پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۶) جناب مینجنگ ڈائریکٹر پی آئی اے پاکستان، اسلام آباد۔
۷) جناب ڈائریکٹر آپریشن پی آئی اے کراچی۔
۸) جناب جنرل مینجر پی آئی اے کوئٹہ۔
۹) سیکرٹری قانون وپارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ
۱۰) جناب سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، سندھ۔ خیبرپختونخوا۔ قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، قانون ساز اسمبلی گلگت بلتستان، بمقام لاہور، کراچی، پشاور، مظفرآباد اور گلگت۔

(شمس الدین)
شریک معتمد، (سوالات)
فون ۹۲۰۱۵۴۳

Scanned with CamScanner